اسی طرح استطاعت رکھنے والے والد کی بھی ذمہ داری ہے کہ اپنے بچوں کا حق ادا کرتے ہوئے ان کی شادی کرے اور انہیں فتنوں سے بچائے۔

یا اللہ! اسلام اور مسلمانوں کو غالب فرما، یا اللہ! شرک اور مشرکین کو ذلیل ورسوا فرما، یا اللہ! یا رب العالمین! کفر، کفار اور منافقین کو ذلیل کردے۔ آمین!

.....

تحصیل شوریٰ کا دوسرا اجلاس

مؤرخہ 15 فروری بروز اتوار 4 بجے شام مرکز منہاج الاسلام اہلحدیث نہر کنارہ سٹی رحیم یار خان میں تحصیل رحیم یار خان شوریٰ کا اجلاس زیر امارت مرزا افتخار بیگ۔ زیر نظامت ثناء اللہ شاہد قصوری منعقد ہوا۔ تلاوت مولانا محمد ابراہیم خلیل نے کی بعدہ تحصیل ناظم ثناء اللہ شاہد قصوری نے سابقہ اجلاس کی کارروائی پیش کی جس کی ہاؤس نے تائید وتوثیق کی۔ مرزا افتخار نے کہا کہ ہم تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہیں' ہم سب کو مل کر مرکزی جمعیت اہل حدیث کے پلیٹ فارم سے ہی کام جاری رکھنا ہوگا۔ ثناء اللہ شاہد قصوری نے کہا کہ مرکزی جمعیت کا نظم ایک سمندر کی مانند ہے جو کام نظم کے اندر کرتا ہے وہ لوگوں میں اور اللہ کی نظر میں مقبول ہو جاتا ہے۔ بصورت دیگر کوئی حال پوچھنے کو بھی تیار نہیں ہوتا۔ سب نظم کے ساتھ منسلک ہو کر اسلام کی سربلندی کے لیے کوشش کریں۔

فیصلہ: بیت المال کو مضبوط کرنا۔ مرکزی جمعیت کے نظم کو مضبوط کرنا۔ ہر رکن اپنے نام ہفت روزہ جاری کروائے گا۔ بلڈ بنک کا قیام عمل میں آیا۔ دارالافتاء کا قیام۔ ہر مسجد میں ترجمہ کلاس کا اجراء۔ تبلیغی پروگرام کو عام کرنا۔ قانونی کمیٹی کا قیام۔ اصلاح کمیٹی کا قیام۔ مساکین اور یتامیٰ کے لیے خدمت خلق کا قیام۔

تحصیل کے ہر یونٹ سے ارکان نے شرکت کی۔ تمام شرکاء نے بہت سے مفید مشورے دیئے۔ ثناء اللہ شاہد قصوری کی ضیافت اور مولانا عبدالرحمٰن بھٹی نائب امیر تحصیل کی دعا کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

منجانب: ابوطلحہ ثناء اللہ شاہد قصوری۔ ناظم تحصیل رحیم یار خاں

کدھر سے آیا کدھر گیا وہ!

(حضرت علامہ احسان الٰہی ظہیر شہیدؒ پر ایک تاثراتی تحریر)

تحریر: جناب رانا شفیق خان پسروری

گئے دنوں کا سراغ لے کر' کدھر سے آیا کدھر گیا وہ
عجیب دل والا رہبر تھا' مجھے تو حیراں کر گیا وہ
بس اک موتی سی چھب دکھا کر' بس اک میٹھی سی دھن سنا کر
ستارہ شام بن کے آیا' برنگ خواب سحر گیا وہ
خوشی کی رت ہو کہ غم کا موسم' نظر اسے ڈھونڈتی ہے ہر دم
وہ بوئے گل تھا کہ نغمہ جاں' میرے تو دل میں اتر گیا وہ
وہ میکدے کو جگانے والا' وہ رات کی نیند اڑانے والا
یہ آج کیا اس کے جی میں آئی کہ شام ہوتے ہی گھر گیا وہ
جب میرے یہاں گلشن تھا' بہار نہ تھی' وہ شخص
بہار بن کر آیا' جب دلوں کی قطاریں تھیں مگر کوئی دلدار
نہ تھا' وہ دلدار بن کے آیا۔ جب راہوں کی گتھیاں الجھی
تھیں' راہی تھے پریشان سارے' وہ رہنما بن کے آیا'
اژدھام تھا سروں کا' بے پروا' بے بہرہ تو وہ قائد شاہین
نگاہ بن کے آیا..... دیوار تھی اک اونچی مگر سایہ نہ تھا وہ
سایہ بن کے آیا' اندھیرا چہار جانب تھا' جگنو خود اندھے
ہو گئے تھے کہ وہ دیا بن کے آیا' اپنی کرنوں کو لہرایا اور
سورج مقام ہو گیا۔

وہ ہمہ صفت آدمی اور ہر صفت میں کامل آدمی' برنگ ظاہر سب سا' مگر بہت ہی افضل آدمی' تحریر میں یکتا' تقریر میں اعلیٰ' لیاقت میں منفرد' ذہانت میں اولیٰ' سیاست میں برتر' قیادت میں عظیم' شریف النفس' تجارت میں کریم ..... باس عظمت والا' باپ کرامت والا' علم و فضل میں رفعت والا' تعلیم و تجزیہ میں شوکت والا ..... راہ جس کی ہدایت' قدم جس کا بصیرت' درایت و بداعیت جس کی سرشت' ذہانت و فطانت جس کی جبلت' جرأت و شجاعت جس کی فطرت' امامت و عدالت جس کی سیاست' صداقت و حقیقت جس کی قیادت' امانت و دیانت جس کی سیادت اور افضلیت و اشرفیت جس کی عزت تھی۔

ریت ہی ریت بکھری تھی جس میں پھول کھلائے
اس نے' تاریک شب تھی ہمارے گھر میں' چراغ جلائے
اس نے' بردلوں کو جینے کا طور سکھایا' مردہ دلوں کو زندگی
سے آشنا کیا' سر نیہوڑائے لوگوں کے سینے تان دیئے' پست
ہمت اٹھے اک نئی شان لیے' وہ جیا تو سر اٹھا کے جیا' سینہ
تان کر جیا' باطل کو للکارتا ہوا جیا' غیر حق پر گرجتا ہوا جیا'
آمریت پر برستا ہوا جیا کہ نظر نورانی اس کی ہمرکاب تھی
اور فکر برھانی اس کا زادراہ۔

وہ آئینہ صفت تھا' اک صاف آئینہ' خامیوں سے
قدرے پاک آئینہ' مصفا آئینہ' جو بطلیت پرستوں کے
چہرے کے داغ انہیں دکھاتا تھا۔ ظالموں کے چہرے کی
بدنمائی واضح کرتا تھا' جابروں کے رخ پر لگے دھبے ان
کے سامنے کرتا تھا..... ان باطل پرستوں' ظالموں' جابروں
اور آمروں نے اپنے چہرے کے داغ دور نہ کیے' اسی آئینے
کو توڑنے کی سازش کی اور اسے توڑ دیا..... مگر وہ تو آئینہ
تھا' چہروں کی بدنمائی دکھانا اس کا کام تھا' پہلے اک وجود تھا
اک بدنما چہرہ نظر آتا تھا' اب آئینہ ٹوٹ گیا اور اس کی کئی
کرچیاں ہو گئیں۔ پہلے اک چہرہ نظر آتا تھا اب ہر کرچی
سے بدنما چہرہ نظر آئے گا' پہلے اک قائد شاہین نگاہ تھا اب
اس کے ہمراہی' اس کے مقلد ہیں' جو گلی و کوچہ میں اس کا
کام کریں گے' ہر سمت اس کی للکار کی بازگشت ہو گی' اس
کی یلغار کی دہشت ہو گی۔ (ان شاء اللہ)

وہ اک چقماق تھا' چراغ سے چراغ جلاتا گیا'
تاریکیوں کو ضیاء دیتا گیا' ہر دور کے ہاتھوں کو حنا دیتا گیا'
ہر دور کے جابروں کو للکارتا رہا' ساکت دلوں کو دھڑکن' بے
زبانوں کو نوا دیتا گیا' کجلاھوں کی رعونت کا مذاق اڑاتا رہا'
حکمرانوں کے گریبانوں سے کھیلنے کی ادا دیتا رہا۔ اس نے
حالات کے ہاتھوں کبھی شکست قبول نہ کی' وہ حالات کو خود
بدلتا رہا' خود حالات کے مطابق نہ بدلا' سلطانیٔ جمہور کا
نقیب تھا' انسانی حقوق کا منادی تھا' حکمرانوں کو ٹوکنے کا
خوگر' برائی سے روکنے کا عادی تھا' وقت کی نزاکت نہ دیکھتا
تھا' کلمۃ اللہ بلند کر کے رہتا' نباض وقت تھا' موقع ہاتھ
سے نہ جانے دیتا تھا' کام سوئے چند کر کے رہتا' مصلحت
کوش نہ تھا کہ حق کو چھپائے' ضمیر فروش نہ تھا' تبھی انگنت
دشمن بنائے۔ سلطان جائر کے مقابل کلمۃ حق کہنا اس کا
شیوہ تھا' جھوٹی قصیدہ گوئی سے متنفر تھا' مصداق تھا شاعر
کے اس کلام کا کہ

میں تو سورج ہوں ستارے میرے آگے کیا ہیں؟
شب ہے کیا شب کے سہارے میرے آگے کیا ہیں؟

جو ہمیشہ رہے شاہوں کے ثناء خواں جالب
وہ سخن ساز بے چارے میرے آگے کیا ہیں؟

وہ مہربان' محترم' کرم گستر' نیک دل' نیک ذات'
نیک نظر' حامیٔ قوم و دوائیٔ ملت' مونس خلق و خاصہ و اور' قائد
باصفا' انیس وطن' حکمت ملک و حاذق برتر' نیک خو' نیک فکر'
نیک فکر' نیک نشان' احسان الٰہی نام' نام آور' مرجع علم
و دانش و حکمت' چشمہ وجد' عقیدت کا محور۔

وہ کہ رنج و غم دین و درد ملت اس کے دل غم گسار
میں تھا' وہ قوم کا تھا جری سپاہی اسلاف کی یادگار میں تھا۔
اس سا کوئی مونس اور ہمدم' کون اجڑے ہوئے دیار میں
تھا؟ جو رعب جو دبدبہ تھا اس میں وہ کب کسی سپہ سالار
میں تھا' جو داغ تھا اس کے دل میں پنہاں وہ کب کسی
شہریار میں تھا' کھنچ آیا تھا اس کی رگوں میں وہ خوں جو لالہ
شعلہ بار میں تھا۔

اس میں شاہین کی خوئے شاہ بازی تھی' اسلام کے
عاشقوں کی سطوت مضمر تھی' اس کے چال چلن میں۔
دشمنوں پر سکتہ طاری ہو یہ تاثیر تھی اس کے سخن میں۔

کوئی ایسا خطیب کہ جس کا ہر کلمہ بولتا نظر آئے'
یوں معلوم ہو کہ مقرر کی زبان نہیں ہل رہی بلکہ ادا ہونے
والا ہر حرف اپنی زبان ہلا رہا ہے..... کوئی ایسا متکلم جو
کلام کرے اور زخموں پر مرہم لگتا محسوس ہو..... کوئی ایسا
مقرر جو تقریر کرے اور دلوں کو مسرت ملے' پانی میں آگ
لگ جائے..... کوئی ایسا ناطق جو بولے اور الفاظ موتی
بنتے جائیں..... سامع کے کانوں میں رس گھولتے
جائیں۔ کوئی ایسا سخنور جو اپنے سخن سے لوگوں کو زنجیر در
زنجیر کر دے..... کوئی ایسا منادی جو لبوں کی جنبش سے
زلزلہ برپا کر دے..... طوفانوں کے رخ موڑ دے.....
سوتی بستیاں جگا دے..... روحوں کو گرما دے..... مردہ
دلوں میں زندگی کی لہر دوڑا دے..... بجلی کا کڑکا بن جائے
..... کوئی ایسا ادیب' جو سطروں میں حالات کا نقشہ کھینچ
دے..... مذکور کو تصویر سا دکھلا دے..... کوئی ایسا قلم کار جو

حروف کو پھولوں کی طرح پروتا ہوا اور قاری کے گلے میں مضمون کا ہار ڈالتا ہو' کوئی ایسا محرر جو قلم سے لکھے مگر محسوس ہو تلوار سے لکھا ہے ..... اور سیاہی خونِ جگر سے لی ہے ..... کوئی ایسا لکھاری جس نے کاغذ پر لکھا ہو' مگر نوشتۂ دیوار بنایا ہو' یا تحریر فلک (چرخِ کہن کی پیشانی کا مقدر) ..... کوئی ایسا ادیب وخطب (لبیب واریب) جس کا لکھا' جس کا کہا اس کے لیے حرف حرف عزت بانٹے' لفظ لفظ عظمت بنے' کلمہ کلمہ شوکت ٹھہرے ..... جس کی پوری زندگی موزوں ہو' جس کا کردار طرح مصرعہ اور جس کی گفتار مقطع ..... جس کی نوک قلم تلمیح کی' اور سیاہی مرعاۃ النظیر کی ..... جو طباق کا مجسم ہو' (نرم دم گفتگو' گرم دم جستجو) یا (ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم جو ہو رزم حق وباطل تو فولاد) جس کی ہر حرکت' ہر سکنت خود مقفی ومسجع ہو ..... اور ایک ہی تحریر بکھیرے ..... کہ اسلام کے لیے جینا عبادت ہے' اسلام کے لیے مرنا شہادت ہے۔ جو نام بھی پیدا کر جائے اور اونچا مقام بھی حاصل کر جائے ..... دنیا بھی سنوار لے اور آخرت بھی کامران لے لے۔ کوئی ایسا ہے؟ ..... ہے ہے! ..... وہ ہے ..... علامہ احسان الٰہی ظہیر (قائد عالم اسلام' شہید اسلام مدفون جنۃ البقیع' قرین عثمان اور مغفور فی الجنۃ الفردوس).....

مضت الدهور وما أتين بمثله
ولقد أتين فعجزن عن نظرائه

حضرت علامہ ظہیر شہید' کہ علامہ اسم علم ہو گیا تھا' اعراف وتعریف بن گیا' کوئی لفظ علامہ بولے تو بے ساختہ احسان ملت وملک کو مراد لیا جائے گا' ان کی سطر سطر میں علمیت وبدیعت' ذکاوت وطراوت تھی' ان کی ہر تحریر ذہانت وفطانت' ہر تقریر اقبالیت وبداعیت تھی ..... شعر ان کی زبان معجز بیان سے یوں نکلتے جیسے ان کی تخلیق اسی مقام ومحل کے لیے تھی ..... ہر بول ادب کا شاہکار' علم وفضل کی مہکار ہوتا' لکھتے تو حرف آخر لکھتے ..... بولتے تو تول تول کر بولتے (ہر بول انمول) اور بول بول پر تولتے۔

اس رجل عظیم کی شخصیت اور اس کے اثرات پر غور کریں' خوب سوچیں' ..... پھر بتلائیں کہ علامہ احسان الٰہی ظہیر شہیدؒ کی جدائی المناک ودہشت ناک ہے یا نہیں؟ ..... بتلاؤ ..... اس پھول کے ٹوٹنے سے چمن ویران ہوا یا نہیں ..... اس تارے کے ڈوبنے سے تاریکی ہوئی یا نہیں ..... کیا اس کا جدا ہونا' علم وادب کا نقصان ہے یا نہیں۔ (سیاست وقیادت کی بات ابھی نہ چھیڑو کہ دکھ اور بڑھے گا) ..... آؤ ..... میرے غمگین ساتھیو آؤ!

اور اس کی تحریر کا سہارا لے کر ..... اس کی تقریر کا آسرا لے کر ..... اس کی یاد کو تھام کر ..... اس کے ہمراہی ہو لیں (خیالوں میں' خوابوں میں) اور مشعل خیال کریں زندگی کی راہوں میں۔

وہ عظمتوں کی رفعتوں سے مرکب شخص تھا' لفظ لفظ میں اس کے لیے عزت ہے' حرف حرف اس کے لیے مدحت ہے' وہ تو شب تاریک میں چاند کی مانند تھا' جس کے گرد اعلیت وارفعیت کا ہالہ تھا' کوئی قلم اس کے لیے یارائے تحریر نہ رکھے' کسی زباں کے لیے استطاعت کلام نہیں اور ہو بھی کس طرح کہ بار الٰہ کا احسان تھا' شہادت اس کا مقام' طیبہ قرب محبوبؐ اس کا مدفن ہے اور (ان شاء اللہ) ھمد وثیٔ عثمانؓ اس کی آخرت ہوگی پھر بھی

یوں کہنے کو راہیں ملک وفا کی اجال گیا
اک دھند ملی جس راہ میں پیک خیال گیا
وہ چاند ہمیں کس رات کی گود میں ڈال گیا
اور میرے سخن' میرے قلم کو کر بے حال گیا

میرا محسن تھا' میرا مربی تھا۔ پوری جماعت کا نقصان بھی دو چند تھا' مگر میرا نقصان تو کئی چند ہے۔ جماعت کی قیادت اس کی راہوں کی راہی ہے وہ تو سنگ میل تھا' نشان راہ تھا' اس کی راہ کے راہی ہی کامیاب ہوں گے' اسی کا تعلق کامران ٹھہرے گا۔ (نظریاتی بھی جماعتی بھی)۔

بقیہ علامہ تو قاعدہ.....

تو جا چکا ہے شہادت کے اوڑھ کر چادر
وفا پرست صلیبیں اٹھائے پھرتے ہیں
نہ جانے کونسے ارماں لہو لہو لے کر
تیرا پیام لبوں پر سجائے پھرتے ہیں

عجب نہیں کہ فضاؤں کا حبس مٹ جائے
اٹھو کہ تیز ہواؤں میں ہم بکھر جائیں
فسوں گزیدہ ہے ماحول چار سو رقصاں
سراب وقت سے اترا کہ ہم گزر جائیں

تمہیں بھی گردش دوراں کا ساتھ دینا ہے
اٹھاؤ رخت سفر میر کارواں کی طرح
تمہارے قدموں کو چومے گا خود بخود ساحل
پتھر کے آگے بڑھو سیل بیکراں کی طرح

ہمیں کو تیشۂ توحید ہاتھ میں لے کر
ہمیں کو کفر کے اصنام توڑنے ہوں گے
ہمیں کو عظمت انسان سنوارنی ہو گی
ہمیں کو ٹوٹے ہوئے دل بھی جوڑنے ہوں گے

ہمیں قسم ہے خدائے بزرگ وبرتر کی
تمہارے درد ہمیں آج بھی پیارے ہیں
وہ دل کبھی جو تیری زندگی کے مرکز تھے
مرے شہید وہ دل آج بھی تمہارے ہیں

اگرچہ منزل مقصود پر خطر تھی مگر
تو روز وشب کی مسافت سے چور نہ ہو سکا
ہزار جبر مسلسل کے باوجود بھی تو
دلوں کے گہرے تعلق سے دور نہ ہو سکا

مجلّہ ''اہلحدیث'' کی توسیع واشاعت مہم

❁ ہفتہ رفتہ میں محترم جناب پروفیسر شیخ عتیق الرحمٰن (سیالکوٹ) کی ترغیب پر قاری محمد عبداللہ بلتستانی نے جامع مسجد اہلحدیث باغ ڈپٹی سیالکوٹ میں مزید 100 رسالوں کا اضافہ کیا۔

❁ جناب غلام مصطفیٰ چوہان امیر ہری پور نے از سر نو بنام مولانا ولی اللہ خطیب مسجد توحید وسنت ڈانگری چوک مانسہرہ میں 20 رسالوں کا اجراء کرایا ہے۔

❁ جناب عرفان اللہ ثنائی امیر سرگودھا نے 50 رسالوں کا اضافہ کیا ہے۔

ادارہ ان سب احباب کا شکر گزار ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ (ادارہ)

ضروری وضاحت

❁ ہفت روزہ اہل حدیث جلد نمبر 46 شمارہ نمبر 10 میں شائع ہونے والا مضمون ''قرآن کریم اور تلاوت کے آداب'' محترم رانا محمد شفیق خاں پسروری کا تحریر کردہ ہے۔ (ادارہ)

علامہ

تو قاعدہ تو سلیقہ تو ضابطہ تو اصول!

تحریر: جناب رفیق وثیر پسروری

تو سانحہ تو وقوعہ تو حادثہ تو بیاں
تو اضطراب تو صدمہ تو ذکر آہ وفغاں
حدیث ظلم وستم واردات ضرب وزیاں
تو غلغلہ تو دھائی کہ تو کیاں تو کیاں

.....

نشاط وصل بھی کیف ملال ہجراں بھی
صباحت روئے خنداں بھی چشم گریاں بھی
ہو بدوش شب تار صبح تاباں بھی
خزاں گزیدہ چمن فصل گل بداماں بھی

.....

تو راز قلب دریدہ نگاہ محرم بھی
زبان درد محبت شفیق وہمدم بھی
رفیق حال پریشاں شریک ماتم بھی
طبیب خاص بھی زخم کہن بھی مرہم بھی

.....

تو موج تند بھی دھارا بھی جوش دریا بھی
خرام آب رواں پر سکون کنارا بھی
گھٹائے ابر بھی ساون بھی باد وبرکھا بھی
دھان چشمۂ شیریں بھی اور پیاسا بھی

.....

تو بے نظیر بھی بے مثل بھی یگانہ بھی
تو ایک دور بھی ایک عہد بھی زمانہ بھی
تو قومیت بھی قبیلہ بھی اور گھرانہ بھی
پناہ گاہ بھی مسکن بھی آشیانہ بھی

.....

تو داستان بھی تاریخ بھی حوالہ بھی
حدیث درد بھی اک خونچکاں فسانہ بھی
شب سیاہ کا اک جاں فگار لمحہ بھی
غم فراق کی کلفت الم کا نوحہ بھی

.....

تو موشگاف محقق مہا مدبر بھی
قرین فہم مبلغ اجل مفکر بھی
عروج فن خطابت حسین مقرر بھی
سحر بیان بھی شریف زباں مؤثر بھی

.....

طلسم ہوش ربا بھی مقام حیرت بھی
جمال صورت زیبا جلال سیرت بھی
سکوت بحر بھی طوفان کی علالت بھی
تو جام تلخ بھی لذت بھی

.....

امام العصر نقیب کتاب وسنت بھی
امیر الامن شہ منصب فضیلت بھی
ثبوت عظمت اسلاف کی روایت بھی
قرون اولی کی تصویر فخر ملت بھی

.....

بہار حسن اطاعت گل عقیدت بھی
غریق رحمت حق محرم نبوت بھی
سرور دنیا ودین بھی سکون جنت بھی
خیال خوف خدا بھی غم قیامت بھی

.....

تو فکر قوم پریشاں دعائے وحدت بھی
جبین شوق بھی سجدہ بھی اور عبادت بھی
تو سوز قلب بھی چشم رواں بھی رقت بھی
تو انہماک بھی دست طلب بھی منت بھی

.....

تو بحر فہم وفراست عمل کی وسعت بھی
تو اعتراف ذہانت یقین حکمت بھی
منار غور وفکر زینۂ بصیرت بھی
زباں کا لوچ بھی زور بیاں بھی ندرت بھی

.....

تو اعتراض بھی تنقید بھی شکایت بھی
تو اعتراف بھی تصدیق بھی شہادت بھی
مکالمہ ومقولہ دلیل وحجت بھی
تو انکشاف بھی تشریح بھی وضاحت بھی

.....

تو اعتباہ بھی تادیب بھی نصیحت بھی
تو سرزنش بھی ملامت بھی اور مذمت بھی
تو تربیت بھی آرائش بھی زیب وزینت بھی
تو التفات بھی بخشش بھی اور عنایت بھی

.....

تو رہنمائی بھی منزل بھی اور مسافت بھی
وفور شوق حصول سکوں کی حسرت بھی
تو زاد راہ سفر بھی سفر کی کلفت بھی
طمانیت بھی توکل بھی استقامت بھی

.....

تو جبل عزم وشجاعت حصار ہمت بھی
جنون جہد مسلسل ستون جرأت بھی
تو فرط جوش وحمیت بھی زور غیرت بھی
خمار جذبہ ایمان خلوص نیت بھی

.....

طلوع نور سحر خوشبوؤں کی جنت بھی
جمال روئے گل تر بھی اور ملامت بھی
نگاہ شوق بھی نظارہ بھی بصارت بھی
گہر شناس بھی گوہر بھی قدر وقیمت بھی

.....

تو باغبان بھی گلشن بھی پھول بھی رُت بھی
نسیم صبح بہاراں بھی موج نکہت بھی
تو رنگ وروپ بھی سج دھج بھی شان وشوکت بھی
شگفتگی بھی لطافت بھی اور طراوت بھی

.....

تو احتشام بھی سطوت بھی جاہ وحشمت بھی
تو دبدبہ بھی شکوہ وجلال وہیبت بھی
تو تہلکہ بھی تزلزل بھی خوف ودہشت بھی
تو دشمنوں کے لیے قہر بھی قیامت بھی

.....

تو مستغیث بھی قاضی بھی اور عدالت بھی
تو فیصلہ بھی تو فتویٰ بھی اور شہادت بھی
معاملت بھی نظامت بھی اور شہادت بھی
تو نکتہ دان بھی نکتہ ہیں، علم وحکمت بھی

تو قاعدہ بھی سلیقہ بھی حسن عادت بھی
تو حیثیت بھی حقیقت بھی جامعیت بھی
تو مرتبہ بھی بزرگی بھی قد وقامت بھی
تو احترام بھی عزت بھی آدمیت بھی

تو انحراف بھی بلوہ بھی اور بغاوت بھی
تو دسترس بھی رسائی بھی اور قدرت بھی
قرینۂ لب، اظہار بھی جسارت بھی
حریف شرک وکفر بھی عدوِ بدعت بھی

تو آنسوؤں کی جلن سوز دل کی حدت بھی
ہجوم درد والم، سیل غم کی شدت بھی
اسیر حلقۂ زنجیر وبر بریت بھی
صلیب وقت پہ لٹکی ہوئی صداقت بھی

دعائے طلب شہادت بھی اور شہادت بھی
شفقت کی تیزئ سرخی، لہو کی رنگت بھی
حدیثِ عہد وفا، داستانِ جرأت بھی
تو لوحِ وقت پہ اِک خون کی عبارت بھی

وہ ایک رات کہ جب اس زمین پہ زیرِ فلک
سجی ہوئی تھی خدا اور رسولؐ کی محفل
ہزاروں لوگ ہمہ تن خموش بیٹھے تھے
سنا رہا تھا قرآں اک بندۂ کامل

کہ یک بیک اک برق قتال کوند گئی
نہ مشعلیں نہ ستارے رہے نہ کوئی چراغ
فضا نے کالی ردا اوڑھ لی اندھیرے کی
کہ دور تک نہیں ملتا تھا روشنی کا سراغ

چہار سمت ہوا شورِ الاماں برپا
سیاہ رات کی چادر پہ خون گرنے لگا
لباس چاند ستاروں کے تار تار ہوئے
تمام شہر قیامت کا روپ بھرنے لگا

وہ ایک لمحہ کہ جب جور وجبر کے ہاتھوں
زمیں پہ خوں اچھالا گیا شہیدوں کا
ستم تو یہ ہے کہ مقابل کھڑے ہوئے تھے وہ
کہ جن کے ساتھ تعلق دیں کے رشتوں کا

محبتوں کا پیمبر اخوتوں کا امیں
زمین پاک پہ لیٹا تھا خون میں غلطاں
افق سے تا بہ افق چھا گیا تھا سناٹا
سوال کرتے تھے قلب ونظر چلے ہو کہاں

رہے گا نام درخشاں ترا قیامت تک
میرے شہید شجاعت کی داستانوں میں
بہا ہے تیرا لہو اس زمیں پہ لیکن
صلہ خدا سے تو پائے گا آسمانوں میں

تجھے ہوائے حادث کا کوئی خوف نہ تھا
تو اِک چٹان کی صورت کبھی نہ ہلتا تھا
تو عالی ظرف وسیع القلب کمال کا تھا
کہ دشمنوں کو خندہ لبی سے ملتا تھا

ہمیشہ ظلمت شب پر تو مسکراتا رہا
تو روشنی کا سمندر تھا۔ اے میرے غازی
فسردہ کر نہ سکی عمر بھر کبھی تجھ کو
مجاوروں کی فقیہوں کی شعبدہ بازی

تو تابناک ستارہ تھا ظلمت شب میں
غروب تو ہو گیا ہے مگر بجھا تو نہیں
تو جس کی موت نے بخشا ہے زندگی کو دوام
زمیں کی گود میں لیٹا ہے پر مرا تو نہیں

تو بحر فہم وفراست تو منبع حکمت
تو موشگاف محقق، تو فلسفی تو فہیم
تو مصلح تو معلم، تو معتدل تو معین
تو مستند، تو مصدق تو معتمد تو عدیم

تو احترام تو عزت، تو آبرو تو شرف
تو التفات، تو بخشش تو مرحمت تو عطاء
تو محتسب تو موافق تو مستحق تو عزیز
تو اجتناب تو غیرت تو شانِ شرم وحیا

تو خاکسار، تو عاجز، تو مفکر، تو حلیم
تو پائیدار تو قائم تو مستقل تو متین
تو سر بلند تو اعلیٰ تو مستجاب وقبول
تو آشکار تو روشن تو منکشف تو مبین

تو درد تو خدا ترس، تو رحمدل، غمخوار
تو غمگسار تو ساتھی، تو ہم نشین تو رفیق
تو ارتباط ومحبت، تو دوستی تو ملاپ
تو متصل تو معاون تو مہرباں تو شفیق

تو قاعدہ تو سلیقہ، تو ضابطہ تو اصول
تو جد وجہد تو کوشش تو جستجو تو سراغ
تو علم ودانش وحکمت تو مصلحت تو تمیز
تو نکتہ داں تو اجالا تو روشنی تو چراغ

تو مستعد تو مسلط، تو منطبق تو محیط
تو مہتمم تو محافظ تو پاسباں تو ولی
تو روبرو تو مقابل تو سورما تو دلیر
تو جانثار تو غالب تو شیر دل تو قوی

قرآن فہم مبلغ بھی اِک مفکر بھی
غریق رحمت حق مقتدی امام بھی تو
تو اوج فن خطابت کا آخری معیار
شب سیاہ میں قندیل فیض عام بھی تو

باقی صفحہ 11 پر

اسلام ..... دینِ رحمت

تحریر

جناب ڈاکٹر حافظ سجاد الٰہی

اسلام دینِ رحمت ہے، یہ دین جہاں تمام لوگوں کے لیے رحمت وشفقت کا پیامبر ہے، وہاں یہ دین اپنے ماننے والوں کے درمیان اخوت اور بھائی چارگی کے پیغام کو کیسے فراموش کرسکتا ہے۔ بہت سی قومیں اگرچہ اسلام کے متعلق غلط فہمی کا شکار ہیں لیکن اگر وہ اس دین حنیف کی تعلیمات کا صدق دل سے جائزہ لیں تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی کہ حالت امن کی بات تو دوری رہی، اسلام نے جنگ کی حالت میں بھی رحمت اور ہمدردی کا دامن نہیں چھوڑا۔ اسی لیے اسلام کے اس بلند اور اعلیٰ اخلاق کی شہادت ان غیر مسلم مؤرخین نے بھی دی ہے جو اس مذہب ربانی پر کیچڑ اچھالنے کا کوئی موقعہ ضائع نہیں کرتے۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو بڑے واضح انداز میں اس بات کا حکم دیتا ہے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے اس طرح برتاؤ کریں کہ غیروں کو ان کی صفوں میں کوئی شگاف نظر نہ آئے۔ قرآن کریم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے سامنے تواضع اختیار کریں۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''اور مومنوں کے لیے آپ اپنے کندھے جھکائے رکھیں۔'' ذیل میں اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ان چند باتوں کا ذکر کیا جا رہا ہے جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسلام دین رحمت ومودت ہے۔

① جو شخص کسی وجہ کے بغیر زمین پر قتل وفساد برپا کرے، اس نے گویا تمام لوگوں کو قتل کر دیا۔ یہ بات اگرچہ سننے میں بہت عجیب معلوم ہوتی ہے لیکن اس کا اعلان کرنے کی توفیق عصر حاضر کی تہذیبوں سے قبل قرآن کریم کو ہوئی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''جو شخص کسی کو بغیر اس کے کہ وہ کسی کا قاتل ہو، یا زمین پر فساد برپا کرنے والا ہو، قتل کر ڈالے تو گویا اس نے تمام لوگوں کو قتل کر دیا اور جو شخص کسی کی جان بچالے، اس نے گویا تمام لوگوں کو زندہ کر دیا۔''

② مسلمانوں کے لیے یہ بات زیبا نہیں کہ وہ اپنی مسجدوں اور بازاروں میں کسی وجہ کے بغیر اسلحہ کی نمائش کریں، کیونکہ اس سے دوسرے مسلمانوں کو تکلیف اور اذیت پہنچنے کا خدشہ ہوتا ہے۔ حضرات ائمہ بخاری اور مسلم حضرت ابوموسیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص ہماری مسجدوں یا ہمارے بازاروں سے گزرے اور اس کے پاس تیر ہوں، (تو اسے چاہیے کہ) وہ (ان تیروں کو لے کر چلنا) بند کر دے، یا ان (تیروں کے کناروں پر لگے ہوئے) لوہے پر ہاتھ رکھ دے تاکہ ان (تیروں) سے مسلمانوں کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔''

③ دوسروں کو اذیت اور تکلیف میں مبتلا کرنے والا کبھی چین اور آرام نہیں پا سکتا۔ اسلام کے بیان کیے گئے اسرار میں سے ایک راز یہ ہے کہ کوئی شخص اس وقت تک اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مستحق نہیں ہوسکتا، جب تک وہ لوگوں کے ساتھ شفقت اور محبت سے پیش نہ آئے۔ حضرات ائمہ بخاری اور مسلم حضرت جریر بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتے۔''

④ اسلام نے اپنے بنیادی پانچ ارکان کی ادائیگی میں بھی لوگوں پر رحمت اور شفقت کے پہلو کو نظر انداز نہیں کیا۔ مثال کے طور پر لوگوں کو نماز پڑھانے والے امام کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ نماز مختصر انداز میں ادا کرے تاکہ اگر اس کے مقتدیوں میں کوئی بوڑھا یا بیمار ہو تو اسے تکلیف نہ ہو۔ حضرات ائمہ بخاری اور مسلم حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''اگر تم میں سے کوئی لوگوں کو نماز پڑھائے، (تو اسے چاہیے کہ وہ) مختصر انداز میں (نماز ادا کرے)، کیونکہ (مقتدیوں میں) کمزور، بیمار اور بوڑھے ہوتے ہیں اور اگر وہ اکیلا نماز ادا کرے تو جس قدر چاہے لمبی نماز ادا کرے۔''

⑤ مائیں اپنے بچوں کی پرورش کے دوران جس قدر مشقت اور جدوجہد کرتی ہیں، وہ اللہ تعالیٰ اور ان کے سوا اور کوئی نہیں جانتا، اسی لیے اللہ تعالیٰ کے مبعوث کیے گئے پیغمبر کی زندگی میں ہمیں بچوں کی ماؤں پر شفقت کی بے شمار احادیث میں سے ایک ایسی حدیث کا علم ہوتا ہے، جو حقوقِ نسواں کے دعویدار لوگوں کے لیے اپنے اندر ایک درسِ عبرت رکھتی ہے۔ امام بخاریؒ حضرت قتادہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''میں نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہوں اور یہ ارادہ کرتا ہوں کہ لمبی نماز ادا کروں (لیکن اسی دوران) میں (کسی) بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو اپنی نماز کو مختصر کر دیتا ہوں تاکہ اس کی ماں پر (بچے کا رونا) بھاری نہ گزرے۔''

⑥ مسلمان کے اپنے بھائی پر حقوق میں سے چند حقوق یہ ہیں کہ وہ اس پر ظلم نہ کرے، اسے دشمن کے حوالے نہ کرے، اس کی ضروریات پوری کرے اور اس کے عیبوں کی پردہ پوشی کرے۔ حضرات ائمہ بخاری اور مسلم حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس پر ظلم نہیں کرتا اور نہ ہی (اسے دشمن کے) حوالے کرتا ہے، جو (مسلمان) اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری کرتے ہیں اور جو (مسلمان) کسی مسلمان سے ایک مصیبت (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) دور کرتا ہے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کے مصائب میں سے اس کی ایک مصیبت دور کرتا ہے، اور جو کوئی مسلمان کے عیبوں پر پردہ ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے۔''

⑦ ہر مسلمان کی عزت، مال اور خون دوسرے مسلمان پر حرام ہے، کسی شخص کی برائی کی یہی سب سے بڑی دلیل ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔ امام ترمذیؒ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کی عزت، مال اور خون حرام ہے اور کسی شخص کی برائی کے لیے یہ بات کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔''

⑧ مسلمانوں پر یہ بات واجب قرار دی گئی ہے کہ وہ ظالم اور مظلوم دونوں کی مدد کریں، مظلوم کی مدد کرنے سے سب واقف ہیں، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ظالم کی مدد کس طرح کی جائے؟ امام بخاریؒ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''اپنے ظالم اور مظلوم دونوں بھائیوں کی مدد کرو۔'' ایک شخص نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول! اگر میرا بھائی مظلوم ہو، پھر تو میں اس کی مدد کروں گا، لیکن ظالم کی مدد میں کیونکر کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''(ظالم کو) ظلم کرنے سے منع کرو، یہی (بات) اس کی مدد کرنے کے (مترادف) ہے۔''

اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

سیرت صحابہ رضی اللہ عنہم

سیدنا سعد رضی اللہ عنہ (بن ابی وقاص)

تحریر
جناب مولانا عبدالمالک مجاہد

اسلام لانے میں جن شخصیتوں نے سبقت لی ہے ان میں سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا نام تیسرے یا چوتھے نمبر پر آتا ہے۔ ان کی عمر اس وقت محض سترہ سال کی تھی۔ یہ قریشی تھے اور رشتے میں اللہ کے رسول ﷺ کے ماموں لگتے تھے۔ ان کا خاندان بھی ''زہری'' تھا اور اللہ کے رسول ﷺ کی والدہ بھی بنو زہرہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ والد کا نام مالک تھا مگر ابووقاص والد کی کنیت تھی اور وہی اصل نام پر غالب آئی۔

اللہ کے رسول ﷺ ابھی دار ارقم میں منتقل نہیں ہوئے تھے کہ سیدنا سعد رضی اللہ عنہ آپ ﷺ سے اجیاد کی وادی میں ملتے ہیں۔ انہوں نے آپ ﷺ سے پوچھا: آپ کس بات کی طرف بلاتے ہیں؟ ارشاد فرمایا: [نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ]۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں عقیدۂ توحید کی سمجھ عطا فرمائی اور فوراً ہی اسلام قبول کر کے ''السابقون الاولون'' کے سلسلۃ الذہب میں شامل ہونے کا اعزاز پایا۔ وہ اپنی والدہ حمنہ بنت سفیان بن امیہ کے نہایت فرماں بردار تھے اور اس سے بہت زیادہ محبت کرتے تھے۔ جب اسلام قبول کیا تو والدہ نے شدید ناراضی کا اظہار کیا۔ ایک دن اپنے بیٹے سے کہنے لگیں: سعد! یہ تم نے کون سا دین اپنا لیا ہے؟ اس کو چھوڑ دو اور پھر دھمکی دی کہ اگر اسے نہ چھوڑا تو میں مرتے دم تک کھانا پینا چھوڑ دوں گی اور اگر میں اسی بھوک ہڑتال میں مر گئی تو لوگ تمہیں طعنہ دیں گے کہ ''وہ دیکھو اپنی ماں کا قاتل جا رہا ہے۔''

راسخ العقیدہ سعد رضی اللہ عنہ نے اپنی ماں سے کہا: اماں! اس بھوک ہڑتال کا کوئی فائدہ نہیں۔ اچھی طرح سن لو کہ میں اس دین کو چھوڑنے والا نہیں۔

اُدھر حمنہ نے اپنے اعلان کے مطابق بھوک ہڑتال شروع کر دی۔ ایک دن اور ایک رات گزر گئی' اس نے کچھ کھایا نہ پیا۔ سیدنا سعد رضی اللہ عنہ کو اپنی ماں کی بھوک ہڑتال کا علم ہوا تو اس کے پاس گئے اور کہنے لگے: اماں جان! کھانا' پینا چھوڑنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اللہ کی قسم! یہ تو تمہاری ایک جان ہے اگر تمہاری ہزار جانیں بھی ہوں اور وہ ایک ایک کر کے نکل جائیں تب بھی میں محمد ﷺ کے دین کو چھوڑنے والا نہیں۔ جب ماں نے یہ عزم صمیم دیکھا تو سمجھ گئی کہ بھوک ہڑتال سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ چنانچہ اس نے کھانا پینا شروع کر دیا۔

اللہ کے رسول ﷺ کی بعثت کو تین سال گزر چکے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پہاڑوں میں چلے جاتے تھے' وہاں لوگوں سے چھپ کر نمازیں ادا کرتے تھے۔ ایک دن سیدنا سعد رضی اللہ عنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ایک پہاڑی وادی میں نماز ادا کر رہے تھے کہ وہاں کچھ کافر آ گئے۔ انہوں نے ان کا اور اسلام کا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔ اب دونوں طرف گفتگو شروع ہوئی جو بحث میں اور پھر لڑائی میں تبدیل ہو گئی۔ سیدنا سعد رضی اللہ عنہ جو شیلے تھے' اسلام کے خلاف ہرزہ سرائی برداشت نہ کر سکے۔ وہاں اونٹ کی ایک بڑی ہڈی پڑی تھی اسے اٹھایا اور ایک کافر کو دے ماری جس سے اس کا خون نکل آیا۔ یہ پہلا خون تھا جو اسلام کے لیے بہایا گیا۔

سیدنا سعد رضی اللہ عنہ کے مقدر میں ابھی ایک اور اعزاز باقی تھا کہ اسلام میں سب سے پہلا تیر انہوں نے پھینکا۔ ہوا یوں کہ ہجرت کے پہلے سال شوال کے مہینہ میں اللہ کے رسول ﷺ نے سیدنا عبیدہ رضی اللہ عنہ (بن الحارث بن عبدالمطلب) کو مہاجرین سواروں کا ایک دستہ دے کر روانہ فرمایا۔ رابغ کی وادی میں ابوسفیان سے سامنا ہوا۔ اس کے ساتھ دو سو آدمی تھے۔ مسلمانوں میں سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ فریقین کے درمیان لڑائی تو نہ ہوئی' البتہ ایک دوسرے پر تیر ضرور چلائے گئے۔ مسلمانوں کی طرف سے سب سے پہلا تیر سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے چلایا۔

ان کو تیر اندازی میں اس قدر مہارت حاصل تھی کہ غزوۂ احد میں اللہ کے رسول ﷺ کا دفاع کرنے والوں میں پیش پیش تھے۔ لڑائی کے دوران ایک وقت ایسا بھی آیا جب آپ ﷺ کے اردگرد صرف دو قریشی صحابہ رہ گئے۔ ان میں ایک سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور دوسرے سیدنا طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ تھے۔ ان دونوں نے عدیم المثال بہادری سے کام لے کر صرف دو کی تعداد میں ہوتے ہوئے بھی مشرکین کے سارے حربے بے کار کر دیے اور ان کی کامیابی ناممکن بنا دی۔ اللہ کے رسول ﷺ نے ان کے لیے تیر بکھیر دیے اور فرمایا: ''سعد! چلاؤ تیر' تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔'' سیدنا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کے رسول ﷺ کو ان کے سوا کسی اور کے لیے ماں باپ کے فدا ہونے کی بات کرتے ہوئے میں نے نہیں سنا۔''

سیدنا سعد رضی اللہ عنہ کو اللہ کے رسول ﷺ سے اس قدر محبت تھی کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ مدینہ طیبہ ہجرت کرنے کے بعد ایک رات اللہ کے رسول ﷺ جاگ رہے تھے' فرمایا: ''کاش! آج رات میرے صحابہ میں سے کوئی صالح آدمی میرے یہاں پہرہ دیتا۔'' ابھی ہم اسی حالت میں تھے کہ ہمیں ہتھیار کی جھنکار سنائی دی۔ ارشاد ہوا: ''کون ہے؟'' جواب آیا: سعد بن ابی وقاص۔ فرمایا: ''کیسے آنا ہوا؟'' جواب دیا کہ میرے دل میں آپ کے بارے میں خطرے کا اندیشہ ہوا تو میں پہرہ دینے کے لیے آ گیا ہوں۔

اُحد کے میدان میں ان کے کارناموں کی فہرست بڑی لمبی ہے۔ مگر ایک واقعہ پڑھنے کے بعد آگے بڑھتے ہیں۔ خاتمہ جنگ پر کچھ مومن خواتین میدان جہاد میں پہنچیں' ان میں سیدہ ام ایمن بھی تھیں۔ وہ زخمیوں کو پانی پلا رہی تھیں۔ ان پر حبان بن عرقہ نے تیر چلایا تو وہ گر پڑیں اور پردہ کھل گیا۔ اس پر اس اللہ کے دشمن نے قہقہہ لگایا۔ اللہ کے رسول ﷺ پر یہ بات گراں گزری۔ آپ ﷺ نے سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو بغیر انی کے ایک تیر دے کر فرمایا: ''اسے چلاؤ۔'' انہوں نے تیر چلایا تو وہ تیر حبان کے حلق پر لگا۔ وہ چت گرا اور اس کا پردہ کھل گیا۔ اس پر اللہ کے رسول ﷺ اس طرح ہنسے کہ جڑ کے دانت دکھائی دینے لگے۔ ارشاد فرمایا: ''سعد نے ام

ایمن کا بدلہ چکا لیا' اللہ ان کی دعائیں قبول کرے۔''

دراصل جب میں نے تیراندازی کے حوالے سے لکھنا شروع کیا تو غزوۂ احد کا ذکر پہلے آ گیا۔ اب غزوۂ بدر کی طرف چلیے۔ اس میں ان کی شرکت اس لحاظ سے بھی اہم تھی کہ ان کے چھوٹے بھائی عمیر بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی اسی غزوے میں شرکت کے لیے آتے ہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ نے ان کو کمسنی کی بنا پر واپس بھیجنے کا حکم دیا تو یہ رونے لگے۔ چنانچہ اجازت مل گئی۔ انہوں نے اپنے بھائی کے گلے میں خود اپنے ہاتھوں سے چھوٹی سی تلوار حمائل کی۔

بدر کے شہداء میں عمیر بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ مقام بدر پر شہداء کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ ان ۱۴ شہداء میں پہلا نام عمیر بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا ہے۔ یہ قریشی تھے اور اللہ کے رسول ﷺ کے ماموں لگتے تھے۔

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے تمام غزوات میں اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ شرکت کی اور اپنی بہادری کے جوہر دکھائے۔ فتح مکہ کے بعد حجۃ الوداع کے موقع پر یہ ابھی مکہ ہی میں تھے کہ شدید بیمار ہو گئے۔ لگتا تھا کہ ان کا آخری وقت آ گیا ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ اپنے اس پیارے' دلیر اور جاں نثار صحابی کی عیادت کے لیے تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے اپنا مبارک ہاتھ سعد کی پیشانی پر رکھا' ان کے چہرے اور سینے پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی: **[اَللّٰھُمَّ! اشْفِ سَعْدًا، اَللّٰھُمَّ! اشْفِ سَعْدًا، اَللّٰھُمَّ! اشْفِ سَعْدًا]** ''اے اللہ! سعد کو شفا دے' اے اللہ! سعد کو شفا دے' اے اللہ! سعد کو شفا دے۔''

آپ ﷺ بار بار سعد رضی اللہ عنہ کے لیے دعا فرما رہے ہیں۔

سیدنا سعد رضی اللہ عنہ نے اللہ کے رسول ﷺ کی طرف محبت اور شکر گزاری کے ساتھ دیکھا کہ میری عیادت کو اللہ کے رسول ﷺ بنفس نفیس تشریف لائے ہیں۔ کائنات کی سب سے اعلیٰ وارفع ہستی..... اور قارئین کرام! ذرا غور کیجیے سیدنا سعد کو اُس وقت کتنا اطمینان اور سکون ملا ہو گا جب اللہ کے رسول ان کی پیشانی پر اپنا مبارک ہاتھ رکھ رہے تھے۔ عرض کرنے لگے: اللہ کے رسول! میرے پاس بہت سا مال و دولت ہے' میری صرف ایک ہی بیٹی اس کی وارث ہے۔ کیا میں اپنے سارے مال کو اللہ کی راہ میں تقسیم کر دوں؟ ارشاد فرمایا: 'الثلث والثلث کثیر' ''ہاں تیسرا حصہ' اگرچہ تیسرا حصہ بھی کافی زیادہ ہے۔'' تم اپنے ورثاء کو غنی چھوڑ کر جاؤ یہ ان کو فقیر چھوڑ جانے سے بہتر ہے۔ اب سیدنا سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کے رسول! میں مکہ مکرمہ میں ہوں' مجھے ڈر ہے کہ کہیں مجھے مکہ ہی میں موت نہ آ جائے (اور میں ہجرت کی فضیلت کھو بیٹھوں) اللہ کے رسول ﷺ نے ان کو دعا دی اور خوشخبری سنائی کہ تمہاری ذات سے بہت سی قوموں کو فائدہ اور کئی قوموں کو نقصان ہو گا۔ سیدنا سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں اللہ کے رسول ﷺ کے مبارک ہاتھ کی لذت اور ٹھنڈک ابھی تک محسوس کرتا ہوں۔ سیدنا سعد رضی اللہ عنہ اللہ کے فضل و کرم سے شفایاب ہو گئے اور دوبارہ مدینہ طیبہ آ گئے۔

انہوں نے حسب وعدہ تیسرا حصہ اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا۔ ادھر اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنے فضل و کرم اور رحمت کے دروازے کھول دیے اور جتنا انہوں نے خرچ کیا اس سے کہیں زیادہ عطا فرمایا۔ انہوں نے کئی شادیاں کیں اور اللہ تعالیٰ نے اولاد سے خوب نوازا۔

اللہ کے رسول ﷺ کی دعا کی برکت سے وہ بڑے مستجاب الدعوات ہو گئے تھے۔ لوگ ان کے پاس دعا کرانے کے لیے آتے تھے۔ ان کی صلاحیتوں سے امت اسلامیہ کو اس وقت فائدہ پہنچا جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں عراق میں یزدگرد اپنی فوجوں کو اکٹھا کر کے مسلمانوں کو چیلنج کرنے لگا۔ ایران اپنے دور کی سب سے بڑی طاقت تھی۔ کسریٰ کا نام سن کر ہی لوگ لرز جاتے تھے۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاعات ملیں تو انہوں نے مجلس شوریٰ کا اجلاس طلب کیا۔ مشورہ ہوا کہ وہ خود فوج کی کمان کرتے ہوئے محاذ جنگ پر ہوں گے تو فوجیوں کو حوصلہ ہو گا۔ سب نے اس کی توثیق کر دی۔ مگر ایک نہایت سمجھدار صحابی سیدنا عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اس تجویز کی سخت مخالفت کی۔ ان کے دلائل اتنے مضبوط تھے کہ شوریٰ نے اپنا فیصلہ تبدیل کر لیا کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ مدینہ ہی میں رہیں گے۔

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اب شوریٰ کی طرف دیکھا اور فرمایا کہ پھر عراق کسے بھیجا جائے؟ اب کی بار پھر سیدنا عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے رائے دی اور کہا: پا لیا' پا لیا۔ شوریٰ نے ان کی طرف سوالیہ نگاہوں سے دیکھا تو کہا: اس شخصیت کا نام سعد بن مالک (ابی وقاص) الزہری رضی اللہ عنہ ہے۔ سبھی نے اس نام پر اتفاق کیا۔ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو بلوا بھیجا اور اپنے ہاتھوں سے جھنڈا ان کے حوالے کیا' ان کے لیے دعا فرمائی اور عراق کی طرف روانہ کیا۔

قارئین کرام! اب سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی زندگی کا سنہرا دور شروع ہوتا ہے۔ وہ قادسیہ پہنچ جاتے ہیں۔ دشمن کی فوج ایک لاکھ بیس ہزار ہے اور سیدنا سعد رضی اللہ عنہ یزدگرد اور رستم کی طرف اپنے سفیر بھیج رہے ہیں۔ ہاتھ پیغام بھیج رہے ہیں کہ دیکھو صرف تین صورتیں ہیں۔ اسلام لے آؤ تو ہم تم سے لڑائی کیے بغیر واپس چلے جاتے ہیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ جزیہ (ٹیکس) دینے کا اقرار کر لو اور تیسری صورت یہ ہے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان تلوار فیصلہ کرے گی۔ یزدگرد غصے سے بے قابو ہو کر سفیر اسلام سے کہتا ہے: اگر سفیروں کو قتل نہ کرنے کی روایت نہ ہوتی تو میں تمہیں قتل کر دیتا۔ اس نے لشکر اسلام کے سفیر سیدنا عاصم بن عمرو رضی اللہ عنہ کے بارے میں حکم دیا کہ ان کے سر پر مٹی کا ٹوکرا رکھ کر انہیں واپس روانہ کر دو۔ سیدنا عاصم رضی اللہ عنہ نے دشمن کی سرزمین کی مٹی کا ٹوکرا اٹھایا اور اسلامی لشکر میں واپس آئے۔ انہوں نے سیدنا سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کو مبارک ہو' دشمن نے اپنی زمین خود ہی ہمارے حوالے کر دی ہے اور پھر قادسیہ کے میدان میں تاریخی مقابلہ ہوتا ہے۔ دشمن بہت سے ہاتھی میدان میں لے آیا ہے۔ سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو عرق النساء ہے۔ بیماری کی وجہ سے چلنے سے قاصر ہیں۔ ایک اونچی جگہ بیٹھ کر لڑائی کی کمان کی اور احسن طریق سے فوج کو لڑایا۔ مسلمانوں نے اس طرح دادِ شجاعت دی کہ تاریخ میں اس کی مثال بہت کم ملتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے ایک مرتبہ پھر مسلمانوں کی مدد فرمائی۔ فوج کا سالار اعلیٰ رستم میدان جنگ سے بھاگ نکلا اور اسے پکڑ کر قتل کر دیا گیا۔ اس کی فوج بھی میدان چھوڑ کر بھاگتی ہے۔ اس معرکہ میں ایرانیوں کی ایک کثیر تعداد قتل ہوتی ہے۔ مسلمانوں کو بے پناہ مال غنیمت ملتا ہے جسے مدینہ بھجوا دیا گیا۔ سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ شفایاب ہو چکے ہیں۔ اب مسلمان فوجوں کا رخ مدائن کی طرف ہے جو کسریٰ کا پایہ تخت ہے۔ راستے میں نہر ہے جسے عبور کرنا آسان نہیں۔ مگر سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ایک تاریخی

فیصلہ کرتے ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں اور پھر مسلمان فوجوں کو گھوڑوں سمیت نہر عبور کرنے کا حکم دیتے ہیں اور بغیر کسی شخص یا مالی خسارے کے دشمن کے سر پر پہنچ جاتے ہیں۔ دشمن نے دیکھا کہ یہ مسلمان تو ہمارے گھر کے دروازے پر دستک دے رہے ہیں۔ انہوں نے اتنی چوڑی اور گہری نہر کیسے عبور کر لی۔ وہ یہ کہتے ہوئے بھاگ نکلے کہ یہ لوگ انسان نہیں بلکہ یہ تو جن بھوت ہیں۔ ہم جنوں سے مقابلہ نہیں کر سکتے۔

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ایوان کسریٰ میں داخل ہوتے ہوئے اپنے ماتھے کو بارگاہِ الٰہی میں جھکا دیا اور ان آیات کریمہ کی تلاوت شروع کر دی:

﴿كَمْ تَرَكُوا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝﴾ (الدخان)

''وہ بہت سے باغات اور چشمے چھوڑ گئے اور کھیتیاں اور راحت بخش ٹھکانے اور وہ آرام کی چیزیں جن میں عیش کر رہے تھے۔ اسی طرح ہو گیا اور ہم نے ان سب کا وارث دوسری قوم کو بنا دیا۔''

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے کارنامے بہت زیادہ ہیں۔ ان کو نام ونمود سے بڑی نفرت تھی۔ وہ اقتدار کے خواہاں نہ تھے۔ جب سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی اور لوگوں میں اختلاف پیدا ہوا تو ان کو بھی خلافت کی پیش کش کی گئی مگر انہوں نے ہر چیز سے کنارہ کش ہو کر مدینہ سے باہر اپنا خیمہ لگا لیا۔ ان کا بیٹا عمر آتا ہے۔ یہ اپنی بکریاں چرا رہے ہیں۔ ابا جان! آپ یہاں بکریاں چرا رہے ہیں اور لوگوں میں خلافت کے لیے اختلافات چل رہے ہیں۔ بیٹے کی خواہش تھی کہ والد بھی آگے آئیں مگر انہوں نے بیٹے کو سختی سے ڈانٹ دیا۔ پھر بھتیجا آیا' اس نے بھی کہا کہ لوگ آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے اس کو بھی ٹال دیا۔

خلفائے راشدین کی اطاعت اور فرماں برداری کرنے والی عشرہ مبشرہ میں شامل یہ عظیم شخصیت عقیق نامی جگہ میں آباد ہے اور وہ وقت آ گیا ہے جس سے کسی کو مفر نہیں۔ ان کا سر بیٹے مصعب کے سینے پر رکھا ہوا ہے۔ وہ رو رہا ہے۔ بیٹے کو دیکھا کہ رو رہا ہے تو اس کو تسلی دی کہ بیٹے روتے کیوں ہو؟ ان شاء اللہ! اللہ تعالیٰ مجھے کبھی عذاب نہیں دے گا۔ میں جنتی ہوں۔ ان کے یہ الفاظ اپنے رب کی رحمت پر یقین کامل کا مظہر تھے۔ جب آخری وقت آیا تو ایک صندوق کی طرف اشارہ کیا کہ اس کو کھولو۔ کھولا گیا تو اس میں ایک جبہ تھا۔ کہا کہ یہ وہ جبہ ہے جسے میں نے بدر کے دن پہنا تھا۔ میں نے تو اسے آج کے دن کے لیے سنبھالا ہوا تھا۔ مجھے اسی میں کفن دینا۔

وفات کے وقت آپ کی عمر ۷۸ سال کی تھی۔ مدینہ طیبہ سے دس میل کے فاصلے پر عقیق نامی گاؤں سے ان کے جنازے کو کندھوں پر مسجد الرسول میں لایا گیا۔ مدینہ کے والی مروان بن حکم نے جنازہ پڑھایا۔ امہات المؤمنین نے بھی ان کی نماز جنازہ پڑھی۔ یہ آخری مہاجر تھے جن کی وفات مدینہ میں ہوئی۔

❀❀❀❀❀

بقیہ

حافظ یحییٰ عزیز میر محمدی

صاحب محمد یحییٰ صاحب بھی تشریف لائے تھے اور ایک جماعتی پروگرام میں شریک ہوئے۔ ان کے استغناء کی کئی کہانیاں سامنے آئیں۔ حافظ صاحب کو دیکھ کر آخرت یاد آجاتی تھی۔ اس نفسانفسی کے دور میں اتنا بے غرض انسان! اگلے سال مولانا محمود احمد میر پوریؒ نے پھر سپانسر کیا تو حافظ صاحب نے آنے سے معذرت کر لی اور کہا کہ میں نے استخارہ کیا ہے لیکن مجھے بادل ہی نظر آئے۔ میں نے مزاحاً حضرت حافظ صاحب سے عرض کیا کہ برطانیہ میں بادل تو معمول کی بات ہے۔ خواب میں آپ کو کوئی انوکھی چیز تو نظر نہ آئی۔ مسکرا کر جواب دیا کہ کچھ تو کہنا ہی تھا' جو نظر آیا وہی کہہ دیا کیونکہ سفر برطانیہ میں کوئی مثبت فائدہ نہ تھا لہٰذا معذرت کر دی۔ حضرت حافظ صاحبؒ کا یہ مکتوب ہفت روزہ اہل حدیث میں بھی شائع ہوا تھا۔ حافظ صاحب نے برطانیہ آنے سے کیوں انکار کیا تھا؟ کیونکہ وہ قلب ونظر کے فتنوں سے اپنا ایمان بچانا چاہتے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ گناہ سے دل کی موت ہو جاتی ہے اور جب دل ہی مر جائے تو نیکی کا پودا مرجھا جاتا ہے۔

حافظ صاحب کی ہمراہی میں کافی دفعہ سفر کرنے کے مواقع ملے۔ دیگر علمائے اسلاف کی طرح حضرت شیخ القرآن مولانا محمد حسین شیخوپوریؒ اور حضرت حافظ محمد یحییٰؒ دونوں ہی دوران سفر نماز باجماعت کا خوب اہتمام فرمایا کرتے تھے۔ ایک دفعہ ہم شیخ القرآن کے ہمراہ گجرات جا رہے تھے کہ گوجرانولہ گاڑی خراب ہو گئی' اس کی مرمت ہوتی رہی اور حضرت شیخ القرآن نے سڑک کنارے چھوٹی سی مسجد میں جا کر نوافل کی نیت باندھ لی۔ یہی حال حضرت حافظ صاحب کا تھا۔ یہ دونوں بزرگ دوران سفر اپنی اپنی زبان کو ذکر الٰہی سے تر رکھتے تھے۔

فریضۂ حج کی ادائیگی

مدینہ یونیورسٹی میں دوران تعلیم ہم طلباء ادائیگی حج کیلئے مکہ مکرمہ آئے تو بیت اللہ میں حافظ صاحب سے ملاقات ہو گئی۔ ہم نے انہیں اپنے قافلے میں شامل ہونے کی درخواست کی جو انہوں نے قبول فرمالی۔ موسم نہایت گرم، سہولیات زندگی معدوم لیکن حافظ صاحب کی نیک نفسی اور صالحیت قابل رشک رہی۔ ان کی موجودگی میں ہم جوانوں کو بھی لگام لگی رہی۔ ان کی امامت میں منیٰ وعرفہ اور مزدلفہ میں نمازوں کا لطف دوبالا ہو جاتا تھا۔ عرفات ومزدلفہ سے واپسی پر سب حجاج بہت تھکے ہوتے ہیں۔ منیٰ پہنچتے ہی سارے اصحاب خیمہ میں آرام کرنے کی غرض سے لیٹ گئے۔ حافظ صاحب کا مشورہ تھا کہ ہمیں پہلے فرائض حج ادا کر لینے چاہئیں۔ چنانچہ گرمی' دھوپ اور بھیڑ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے تمام مناسک اپنے وقت پر ادا کیے۔

حضرت حافظ صاحب سے بیرون ملک مقیم ہو جانے کے باعث کافی عرصہ نہ صرف دوری رہی بلکہ رابطہ بھی برقرار نہ رہ سکا۔ ایک بار پاکستان گیا تو حضرت حافظ صاحب کی زیارت کا ارادہ بنا۔ اہل خانہ سمیت ہم نے مرکز بونگا بلوچاں میں حاضری دی۔ جمعہ کے بعد ملاقات ہوئی۔ مرکز بونگہ ہی میں آپ کا ایک چھوٹا سا کمرہ تھا جس میں آپ کی اپنی اہلیہ سمیت رہائش بھی تھی۔ جمعہ کے بعد آپ وہاں تشریف لے گئے۔ خواتین بھی کافی تعداد میں وہاں پہنچ کر مسائل پوچھتیں۔ عصر کے بعد ہم واپس ہوئے تو گھر والوں سے خاموشی کی وجہ پوچھی تو بتایا گیا کہ حافظ صاحب کے کمرے میں ایک چارپائی، جس پر ایک سادہ سی چادر بچھی ہوئی تھی' ایک سلور کا گلاس پانی پینے کیلئے اور ایک سلور ہی کی رکابی تھی۔ یہ تھی کل کائنات ان کے گھر کی' دنیوی لحاظ سے یہ متاع زیست دیکھ کر نبی ﷺ کا گھر مبارک کا نمونہ یاد آ گیا۔

حضرت حافظ صاحب کی وفات کی خبر برطانیہ ہی میں سنی' صدمہ سے دوچار ہوا۔ اپنی کم مائیگی کا بڑی شدت سے احساس ہوا کہ ہم تارکین وطن پتہ نہیں کیا حاصل کرتے ہیں۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ ہم بہت کچھ کھو دیتے ہیں۔ حضرت حافظ صاحب کی وفات سے سطح زمین سے ایک ایسی ہستی اٹھ گئی جن جیسے لوگ صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں اور ان کے اٹھ جانے سے زمین نہ جانے کتنے خزانے چھپا لیتی ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی جاں نثاریاں!

تحریر: جناب مولانا لیاقت علی باجوہ

ہم تو خالی نعرے ہی لگاتے ہیں کہ حرمت رسولؐ پر جان بھی قربان ہے۔ اصل میں حرمت رسول پر جان صحابہ نے قربان کی انہوں نے حرمت رسولؐ پر تن من دھن سب کچھ قربان کر دیا۔

حرمت رسول اور سیدنا ابودجانہ:

جیسا کہ غزوۂ احد میں سیدنا ابودجانہ رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے سامنے ڈھال بن کر کھڑے ہو گئے۔ تیر ابودجانہ رضی اللہ عنہ کی پشت پر اس حال میں برستے رہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے اوپر جھکے ہوئے تھے۔ اسی حالت میں بہت سے تیر ان کی پشت پر آ کر لگے۔ (سیرت ابن ہشام: ۵۴/۱۳)

حرمت رسول اور سیدنا سعد بن ابی وقاص:

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوۂ احد کے روز رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے اپنے ماں باپ کو جمع کیا (میرے ماں باپ تجھ پر قربان) مشرکوں میں سے ایک شخص نے مسلمانوں کو خوب قتل کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سعد! میرے ماں باپ تجھ پر قربان [ارم] خوب تیر مار۔'' میں نے ایک تیر نکالا جس کے آگے نوک نہیں تھی اور اسے پھینکا تو وہ اس مشرک کی پسلی میں لگا اور مشرک گر پڑا جس سے اس کی شرمگاہ کھل گئی۔ نبی کریم ﷺ دیکھ کر ہنسے یہاں تک کہ میں نے آپ ﷺ کی داڑھیں دیکھیں۔ (مسلم، کتاب الفضائل، باب فی فضل سعد بن ابی وقاصؓ)

حرمت رسولؐ اور سیدنا ابوطلحہ:

